۱۴

میرا وطن

شفیع الدین نیّرؔ

پہلی بات : ہم روزانہ اسکول کے میدان میں راشٹر گیت گاتے ہیں۔ اس میں ہمارے ملک کی ریاستوں، دریاؤں، جنگلوں کی خوب تعریف کی گئی ہے۔ اقبالؔ کے قومی ترانے میں ہندوستان کو دنیا کے تمام ملکوں سے اچھا کہا گیا ہے۔ اُردو میں وطن کی تعریف میں کئی نظمیں لکھی گئی ہیں۔ ایسی نظمیں پڑھ کر ہمارے دلوں میں وطن سے محبت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔
اس نظم میں وطن کی خوبیاں بیان کی گئی ہیں۔

یہ میرا وطن ہے ، یہ میرا وطن

پہاڑوں کا منظر ، بَنوں کا سماں — ہیں ان میں ہزاروں ہی چشمے رواں
کہاں تک بیاں اس کی ہوں خوبیاں — ہے فردوس کا اس چمن پر گُماں

یہ باغِ اِرم ہے ، یہ باغِ عدن
یہ میرا وطن ہے ، یہ میرا وطن

وہ چِڑیا ، وہ طوطا ، وہ مَینا ، وہ مور — وہ کوئل ، وہ بُلبُل ، وہ قُمری ، چکور
وہ جھیلوں کی لہریں ، وہ دریا کا زور — وہ جَھرنوں کا گِرنا ، وہ پانی کا شور

وہ سرسبز اِس کے پہاڑ اور بَن
یہ میرا وطن ہے ، یہ میرا وطن

وہ غلّے ، وہ میوے ، وہ ترکاریاں — وہ خوش رنگ پھولوں کی گُل کاریاں
وہ سرسبز باغوں کی پُھلواریاں — وہ سیراب اور خوش نُما کیاریاں

زمینیں وہ زرخیز ، دِلکش چمن
یہ میرا وطن ہے ، یہ میرا وطن

9H3BK5

خلاصۂ کلام : شاعر کہتا ہے کہ میرے وطن میں بہت سی خوبیاں ہیں۔ یہاں کے خوش نما پرندے اور دریا، جھیل، آبشار اس کے قدرتی حسن کو بڑھاتے ہیں۔ سرسبز جنگلوں اور بلند پہاڑوں کا ہرا بھرا سماں بڑا دلکش ہے۔ یہاں مختلف قسم کے اناج، میوے، پھل، پھول اُگتے ہیں کیونکہ یہاں کی زمین بڑی زرخیز ہے۔ یہاں کے پہاڑوں، چشموں اور ہرے بھرے جنگلوں نے ہندوستان کو جنت کی مانند بنادیا ہے۔

معانی و اشارات

جھرنا	-	اونچائی سے پانی کا گرنا triplet, spring
سرسبز	-	ہرا بھرا lush green
بَن	-	جنگل forest
گُل کاری	-	نقش ونگار embroidery
سیراب	-	پانی سے بھرا ہوا saturated, full of water
خوش نما	-	خوبصورت، اچھا دِکھائی دینے والا beautiful
زرخیز	-	اچھی فصل پیدا کرنے والی زمین fertile
دِلکش	-	خوب صورت، حسین، دل کو کھینچنے والا attractive, beautiful

مشق

* **ایک جملے میں جواب لکھیے :**

۱۔ چشمے کہاں رواں ہیں؟

۲۔ فردوس کا گمان کس پر ہوتا ہے؟

۳۔ شاعر نے باغِ اِرم کسے کہا ہے؟

۴۔ میرے وطن کے پہاڑ اور بن کیسے ہیں؟

* **قوس میں دیے ہوئے صحیح لفظ سے خالی جگہ پُر کیجیے :**

۱۔ وہ .... اس کے پہاڑ اور بن

(بے برگ ، سرسبز ، سربلند)

۲۔ وہ غلّے ، وہ میوے ، وہ ....

(سبزیاں ، لوکیاں ، ترکاریاں)

۳۔ وہ سیراب اور خوش نما ....

(بالیاں ، بدلیاں ، کیاریاں)

۴۔ زمینیں وہ .... دلکش چمن

(زرخیز ، لب ریز ، گل ریز)

سیر بین

اپنے شہر سے قریب کسی باغ یا دریا کی سیر کیجیے۔

وسعت میرے بیان کی

* **اس شعر کا مطلب اپنے لفظوں میں لکھیے۔**

کہاں تک بیاں اس کی ہوں خوبیاں
ہے فردوس کا اس چمن پر گماں

* ریاست مہاراشٹر کی سیاحت (ٹورزم) کی معلوماتی ویب سائٹس دی جارہی ہیں۔ اپنی ریاست کے مختلف شہروں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔

- www.maharashtratourism.gov.in
- www.maharashtratourism.net

اضافی معلومات

دریا کے پانی کی قوت سے بجلی پیدا کی جاتی ہے۔ اس بجلی کو آبی بجلی کہتے ہیں۔ ہمارے ملک کی بعض ریاستوں میں پانی سے بجلی پیدا کی جاتی ہے جیسے ہماچل پردیش میں بھاکڑا ننگل، مہاراشٹر میں جائیکواڑی وغیرہ۔

غور کیجیے

جس طرح پانی کی قوت سے بجلی تیار کی جاتی ہے اسی طرح اور کون سی اشیا ہیں جن سے ہمارے ملک میں بجلی تیار کی جاتی ہے؟ استاد کی مدد سے ان اشیا سے حاصل ہونے والی بجلی کے نام معلوم کیجیے۔

میں نے کیا سمجھا؟

وطن سے محبت کرنا میرا فرض ہے۔

خود آموزی

اس نظم میں جن پرندوں کا ذکر ہوا ہے ان میں سے مور، مینا، طوطا اور چڑیا کے خاکے جمع کیجیے اور ان میں رنگ بھریے۔

آیئے، کھیل کھیلیں

دیے ہوئے حروف سے خالی جگہ پُر کرکے پھلوں، ترکاریوں کے نام تلاش کیجیے۔

				آ
			ی	س
		ل		پ
	ن		ا	ج
ن		ن		ب
	ت	ی	پ	

جوابات صفحہ ۳۹ پر دیکھیں۔

کیا آپ جانتے ہیں؟

دریا بہتا ہے۔
موج اُٹھتی ہے۔
ہوا چلتی ہے۔
دن ڈھلتا ہے۔
موسم بدلتا ہے۔
آبشار گرتا ہے۔